بسم اللہ الرحمن الرحیم

الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محمودا

روزنامہ

الفضل

قادیان

دوشنبہ سہ شنبہ

ٹیلیفون نمبر ۱۰

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۴۲۵

قیمت سالانہ ۱۸ روپے ماہوار ۱/۸ روپیہ

جلد ۳۵ | ۵ ماہ ظہور ۱۳۲۶ ہش | ۱۷ رمضان المبارک ۱۳۶۶ھ | ۵ ماہ اگست ۱۹۴۷ء | نمبر ۱۸۴

مدینۃ المسیح

قادیان ۵ ماہ ظہور رسید تا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالٰے کے متعلق ½۵ بجے شام کی اطلاع مظہر ہے کہ حضور کا گلا خراب ہے۔ اور نزلہ کے اثرات محسوس ہو رہے ہیں۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت ایگزیما کی وجہ سے ناساز ہے۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

جناب صاحبزادہ عبدالسلام صاحب بی۔اے۔ ایل۔ ایل بی سندھ سے تشریف لائے

جناب بہاء الحق صاحب قاسمی وکیل الصنعت والحرفت بعارضہ ٹائیفائڈ بیمار ہیں۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

افسوس میاں احمد دین صاحب شاہد جو موصی اور صحابی تھے گزشتہ شب وفات پا گئے انا للہ

آرٹ اور اسلام

ایک غیر احمدی دوست نے جن کا رجحان کمیونزم کی طرف معلوم ہوتا ہے۔ چند سوالات ارسال فرمائے ہیں۔ ان میں سے چوتھا سوال یہ ہے کہ احمدیت آرٹس کے متعلق کیا رویہ رکھتی ہے۔ چونکہ احمدیت حقیقی اسلام ہی کا دوسرا نام ہے۔ اس لئے ہم اسلام کے نقطہ نظر سے اس سوال کے متعلق چند باتیں عرض کرتے ہیں۔

جہاں تک انسان کی عملی زندگی کے حسن و قبح کا تعلق ہے احمدیت کو یا دوسرے لفظوں میں اسلام کو آرٹس کے بنیادی اصولوں پر کوئی اعتراض نہیں۔ لیکن جب آرٹ اپنی جائز حدود سے باہر نکل کر انسانی جذبات سے کھیلنا شروع کرتا ہے۔ تو ایک لعنت بن جاتا ہے۔

آرٹ کا ارتقا جس نہج سے اب دنیا میں ہو رہا ہے۔ وہ سراسر غلط ہے اب آرٹ کو عملی زندگی سے ایک الگ چیز سمجھا جاتا ہے۔ اور اسکو اتنا جاذب بنایا جاتا ہے۔ کہ لوگ اپنی زندگی کا اصل مقصد بھول جاتے ہیں۔

اسلام آرٹ کے خلاف نہیں ہے لیکن اسلام ایسے لوگ پیدا کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ جن کا پیشہ ہی یہ ہو کہ وہ آرٹوں میں اپنی زندگی کے مقصد کو گم کر دیں۔ شعر۔ رقص وغیرہ وغیرہ خواہ وہ اپنا انتہائی درجہ کمال حاصل کریں پھر بھی وہ پوری زندگی کے قائمقام نہیں ہو سکتے۔ ایک شاعر جو اپنی تمام زندگی کو شعر کی بھول بھلیاں میں کھو دیتا ہے نہ صرف اپنے لئے بلکہ دوسروں کے لئے بھی وبال بن جاتا ہے۔ لوگ اس کے کمال سے گمراہ ہو جاتے ہیں۔ فرض کرو کہ تمام دنیا کے افراد غالب بن جائیں۔ تو باقی زندگی کے تقاضے نظر انداز کرنے پڑینگے۔

آرٹ ہی کی مختلف صورتوں کو لے لیجئے۔ کیا ایک ہی شخص بہترین رقاص اور بہترین شاعر بہترین تعمیر کرنے والا بہترین موسیقار بن سکتا ہے۔ جب ایک آدمی تمام آرٹوں میں بھی بہترین نہیں بن سکتا۔ تو زندگی کے تمام مختلف پہلوؤں میں ایک ہی شخص کس طرح کمال پیدا کر سکتا ہے۔ اس لئے جو کوئی بھی ایک آرٹ میں کمال پیدا کرے گا۔ ضرور ہے کہ وہ دوسری باتوں میں پیچھے رہ جائے۔ اور یہ زندگی کا صحیح لائحہ عمل نہیں ہو سکتا اور نہ زندگی کا اس سے مقصد پورا ہوتا ہو۔ آرٹ اسی قدر اچھا ہے جس قدر کہ عملی زندگی کو آسان بنانے میں ہر ایک انسان کے لئے ضروری ہے۔ اس سے بڑھ کر آرٹ کی پرستش انسان کو تعیش کے سمندر میں غرق کر دیتی ہے اور آخر انسانیت کو تباہ کر دیتی ہے۔ اگر ہر ایک مرد اور ہر ایک عورت اور ہر ایک بچہ جوان بوڑھا ہر وقت رقص کرتے پھریں۔ یا شعر گاتے پھریں۔ تو دنیا ایک جہنم بن جائے۔ اس لئے جو فرد کسی ایسے آرٹ کو اپنا فن بنا لیتا ہے، وہ دنیا کے سامنے ایک ایسی مثال پیش کرتا ہے جو ہرگز دنیا کے ارتقا میں مفید نہیں ہوتی بلکہ دوسرے لوگ بھی صراط مستقیم سے ہٹ جاتے ہیں۔

اسلام آرٹ کو برا نہیں سمجھتا۔ بلکہ اس کے غلط استعمال کو برا سمجھتا ہے۔ آرٹ عام انفرادی اور اجتماعی زندگی کو خوبصورت اور حسین بنانے تک تو جائز ہے۔ لیکن اگر یہ انسان کو تعیش کی طرف راہ نمائی کرے تو سخت قابل نفرت ہے۔ شعر یا شعر فہمی کا مذاق صرف اتنا ہی اچھا ہے جتنا کہ تمام زندگی کے ارتقا کے لئے مفید ہے۔ اسی طرح دوسرے آرٹوں کی حالت ہے۔ عام زندگی کے اعمال سے جدا کر کے کسی آرٹ کا ارتقا سراسر غلط ہے۔ اور اسی حد تک جائز ہے۔ جس حد تک یہ ہماری روزانہ زندگی کے حسن و خوبی کو بڑھانے میں مدد معاون ہوتا ہے۔ جو شخص سٹیج پر لوگوں کی دلچسپی کے لئے اپنے جسم کی حسین حرکات کا مظاہرہ کرتا ہے۔ وہ ان حسین حرکات کو نہ صرف ضائع کرتا ہے۔ بلکہ وہ دیکھنے والوں کو شاہراہ حیات سے گمراہ کرتا ہے۔ اسی طرح جو شاعر محض تخیل بافی سے مشاعروں میں ہنگامہ آرائی کا موجب ہوتا ہے۔ وہ بھی تضیع اوقات کے علاوہ دنیا کو گمراہ کرتا ہے۔ ایسی بات تو جب درست ہوتی اگر انسانی زندگی کا مقصد صرف رقص کرنے یا شعر گانے تک ہی محدود ہوتا مگر زندگی بہترین رقص اور بہترین شعر سے بہت زیادہ وسیع ہے

ان باتوں میں کمال پیدا کرنا ایسا ہی ہے جس طرح کوئی شخص کھانے کی مقدار میں کمال پیدا کرے۔ یا صرف سر کے بال کو سنوارنے میں کمال پیدا کرے۔ صرف زیادہ کھانے یا سر کے بال سنوارنے تک ہی تو زندگی محدود نہیں۔ اعتدال کے مطابق کھانا اعتدال کے مطابق اپنے جسم کی صفائی رکھنا انسانیت میں داخل ہے۔ لیکن صرف کھانے اور بال سنوارنے میں تمام زندگی صرف کرنا نادانی اور جہالت ہے۔ اسی طرح شعر گھڑنے اور رقص کرنے میں زندگی کو صرف کرنا نہایت ہی نادانی اور جہالت کی بات ہے۔ یہ ایسی ہی بری لت ہے جس طرح مال و دولت جمع کرنے کی لت۔ ہر ایک ایسی چیز جب حد اعتدال

ایڈیٹر۔ روشن دین تنویر بی۔ اے۔ ایل۔ ایل بی

بھائی عبدالرحمن صاحب قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھپا اور قادیان سے شائع کیا

سے نکل جاتی ہے۔ برائی بن جاتی ہے۔ اور عیاشی کہلاتی ہے۔ اور عیاشی ہی جیسا کہ ہم نے پہلے عرض کیا ہے۔ صحیح زندگی کی دشمن ہے۔

گمراہ کون ہے؟

کلکتہ۔ ہوڑہ۔ لاہور اور امرتسر میں بم اندازی فرقہ وارانہ فسادات کا ایک ایسا امتیازی واقعہ بن گیا ہے۔ کہ جس سے نہایت آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ کونسا فریق فسادات کو جاری رکھنا چاہتا ہے۔ اور اس آگ کو بجھنے نہیں دیتا۔ ان شہروں میں بہت سے ایسے بم اندازی کے واقعات ہوئے ہیں کہ جب ذرا آرام ہونے لگتا ہے۔ تو ایک خاص فرقہ کے کچھ آدمی بائیسکلوں ٹانگوں اور موٹروں پر سے دوسرے فرقہ پر جو کسی منڈی یا عبادت گاہ میں جمع ہوتے ہیں۔ بم پھینک کر بھاگ جاتے ہیں۔ جس سے دوسرا فریق بھی غصہ میں آکر اپنی من مانی کرنے لگتا ہے۔

یہ نہیں ہو سکتا کہ ان بڑے شہروں کے حکام اس حقیقت سے واقف نہیں۔ لیکن تعجب ہے کہ ابھی تک اس کی روک تھام میں کامیابی نہیں ہو سکی۔ ہمارا خیال ہے کہ اگر یہ بم اندازی کا شغل حکام کوشش کرکے روک دیں۔ تو ہر طرح کے فسادات کا انسداد ہو جائے۔ اور ملک میں امن و امان ہو جائے۔

اس ضمن میں یہ بات بھی قابل غور ہے۔ کہ فسادات کا موجودہ دور بمبئی اور یو۔پی سے شروع ہوا تھا۔ جو خالص کانگرسی صوبے ہیں۔ اور جہاں مسٹر جے پرکاش نرائن جیسے سینکڑوں آتش کے پرکالے کھلم کھلا ایک فریق کو تشدد کی کارروائیوں کی تلقین کرتے رہتے ہیں۔

آپ ذرا غور فرمائیں گے۔ تو معلوم ہوگا۔ کہ سوا نواکھلی کے اور کوئی بھی ایسا علاقہ نہیں۔ جس میں فسادات ہوئے ہوں۔ اور جو کانگرسی علاقہ نہ ہو۔ بنگال اور پنجاب کے علاقے بظاہر اس قاعدہ کلیہ کے مستثنیات نظر آتے ہیں۔ مگر ذرا زیادہ غور فرمایا جائے۔ تو معلوم ہوگا کہ دراصل ان علاقوں میں بھی فسادات کا آغاز کرنے والے اسی فرقہ کے لوگ ہیں۔ جن کی کانگرسی صوبوں میں اکثریت ہے کیونکہ یہاں اقلیت اکثریت کے لگ بھگ ہے۔ کلکتہ۔ لاہور اور امرتسر کے متعلق تو ہر کوئی جانتا ہے کہ اقلیت ہی نے پہلے یہ چھیڑ چھاڑ شروع کی تھی۔ کلکتہ میں مسلم لیگ کے پر امن مظاہرے کو ناکام بنانے کے لئے ایک فرقہ نے دوسرے فرقہ کے نہتے جلوس پر منظم طور پر حملے کئے۔ اور لاہور اور امرتسر میں تو تلوار ہلا ہلا کر اعلان جنگ کیا گیا۔

راولپنڈی۔ شمال مغربی سرحدی صوبہ اور نواکھلی میں جو کچھ ہوا۔ وہ لاہور، امرتسر اور کلکتہ کا بالترتیب صریح طور پر رد عمل ہے۔

ہندوستان کے صوبجات میں سے بمبئی سی۔پی۔ یو۔پی۔ بہار۔ پنجاب اور بنگال صوبہ سرحدی ہی وہ صوبے ہیں۔ جن میں فسادات کی آگ بھڑکی۔ ان میں سے بمبئی سی۔پی۔ یو۔پی۔ بہار۔ صوبہ سرحد ہی خالص کانگرسی علاقے ہیں۔ اور پنجاب اور بنگال میں کانگرسی اقلیت اکثریت کے لگ بھگ ہے۔ اس حقیقت کے ساتھ اگر اس بات کو بھی مدنظر رکھیں۔ کہ آغاز کانگرسی صوبوں سے ہوا۔ تو صاف کھل جاتا ہے۔ کہ ہندوستان میں فسادات کے بانی مبانی کون ہیں۔ شمال مغربی سرحدی صوبہ اگرچہ پہلے خالص کانگرسی صوبہ تھا۔ مگر اس لئے کہ یہاں کے فسادات مسلم لیگ کے ماتھے لگائے جاتے ہیں۔ ہم مان لیتے ہیں کہ یہ مسلم لیگی علاقہ ہے۔ اس طرح صرف نواکھلی اور سرحدی صوبہ ہی دو علاقے ایسے ہیں۔ جہاں مسلم لیگ کے حامیوں کی کھلی کھلی اکثریت ہے۔ مگر ہم اوپر عرض کر چکے ہیں۔ کہ ان دونوں علاقوں میں جو کچھ ہوا۔ وہ کلکتہ اور لاہور اور امرتسر کا رد عمل تھا۔ اس کے ساتھ اگر ہم اس حقیقت پر بھی غور کریں۔ کہ کلکتہ لاہور اور امرتسر میں بم اندازی سے فسادات کو جاری رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ تو ہر ایک انصاف پسند آدمی کو ماننا پڑیگا کہ ہندوستان کی بدامنی کا ذمہ وار صرف ایک ہی فرقہ ہے۔

اس نتیجہ کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے۔ کہ مسلم لیگ کے تمام سربرآوردہ لیڈروں نے مسٹر جناح سمیت بار بار فسادات کی مذمت کی ہے۔ اور ان کو روکنے کے لئے بار بار اپنے حامیوں کو تنبیہہ کی ہے۔ لیکن اس کے برخلاف کانگرسی لیڈروں نے گول مول الفاظ میں اور مہاسبھائی لیڈروں نے کھلم کھلا تشدد کی تلقین کی ہے۔ اور ابھی تک کرتے جا رہے ہیں۔ خود گاندھی جی جو ہر پرارتھنا میں قرآن کریم بھی پڑھواتے ہیں۔ اکثر اس قسم کے بیانات دیتے چلے جاتے ہیں۔ جن میں وہ اپنی طرز خاص میں نہ صرف مسلم لیگ کے خلاف اتہام لگا دیتے ہیں۔ بلکہ بعض حالات کے ماتحت تشدد استعمال کرنے کی اجازت بھی فرما دیتے ہیں۔

چنانچہ حال ہی میں آپ نے اپنی پرارتھنائی تقریر میں ایک سوال کے جواب میں کہ "اب پاکستانی ہندوؤں کی پالیسی نئی حکومت کے متعلق کیا ہونی چاہیئے؟" فرمایا ہے۔ "گمراہ مسلمانوں کا مقابلہ محبت سے کرو۔ اور اگر یہ ممکن نہ ہو۔ تو انتقام کا راستہ بھی تمہارے لئے کھلا ہے"۔

آپ نے یہ بات مسٹر جناح کے اس عظیم الشان اعلان کے بعد کہی ہے۔ جس میں آپ نے پاکستانی اقلیتوں کے جان و مال عزت و ناموس کی حفاظت کا وعدہ فرمایا ہے۔

گاندھی جی نے کوئی آج ہی مسلمانوں کے بارے میں ایسے قہر آلود الفاظ استعمال نہیں کئے۔ ہم آپ کے بیسیوں ایسے بیانات پیش کر سکتے ہیں۔ جن میں آپ نے مسلمانوں کے حق میں اس سے بھی بڑھ کر کلمات خیر استعمال فرمائے ہیں۔ عملاً بھی آپ نے مسلم لیگ کے خلاف قدم اٹھانے میں کبھی کوتاہی نہیں کی۔

آپ ہی کے اشارے سے ۱۶ مئی ۱۹۴۶ء والی سکیم منظور کرکے کانگرس نے وہ ریزولیوشن پاس کیا۔ جس میں آسامیوں اور سکھوں کو مسلم لیگی گروپوں سے بغاوت کی طرح دی گئی۔ آپ ہی ہیں۔ جنہوں نے ۳ جون ۱۹۴۷ء والی سکیم کو من وعن تسلیم کرکے پٹھانستان کے ڈھونگ کی کھلم کھلا حمایت کی۔ آپ ہی ہیں جو مسٹر عبداللہ کو ملنے کے بہانے سے اب ریاست کشمیر کو انڈیا نو آبادی میں شامل کرنے کے لئے کشمیر گئے ہیں۔ اور ریاست کشمیر سے آؤ بھگت کروا رہے ہیں۔ اور ریاست کی موٹروں پر سیر سپاٹے کر رہے ہیں۔ حالانکہ آپ جانتے ہیں۔ کہ ریاست کشمیر کو پاکستان سے ملحق ہونے اور مسلم اکثریت کی وجہ سے اس میں شامل ہونا چاہیئے۔ لیکن ان ساری باتوں کے باوجود آپ مسلمانوں کو گمراہ کہے جاتے ہیں۔ اور ہندوؤں کو ان کا مقابلہ محبت ورنہ انتقام سے کرنے کی "تلقین" فرما رہے ہیں۔ اور اپنی لسانی سے ہندوؤں اور دنیا کو گمراہ کر رہے ہیں۔ مگر دنیا جانتی ہے۔ کہ مسلمان گمراہ ہیں یا کون؟

رفتار عالم

مصر و سوڈان

سوڈان عرصہ سے برطانوی ملوکیت کے تحت غلامی کی زندگی بسر کر رہا ہے اس نے بارہا آزادی کے لئے ہاتھ پاؤں مارے ہیں۔ مگر برطانوی آمریت کے سامنے اسکی کوئی کوشش بار آور نہیں ہوئی۔ وہ برطانوی اقتدار سے نجات حاصل کرکے مصر کے دوش بدوش رہنا چاہتا ہے۔ مگر برطانیہ کو یہ گوارا نہیں۔ چنانچہ اسی وجہ سے آجکل برطانیہ و مصر کے درمیان سوڈان کا مسئلہ بے حد کشمکش کا باعث بن رہا ہے۔ انگریزوں کا منشاء یہ ہے کہ سوڈان کو ہمیشہ اپنے قبضہ میں رکھیں اور بزعم خویش اُسے "حکومت خود اختیاری" کے لئے آہستہ آہستہ تیار کرتے رہیں۔ مگر سوڈان اس تربیت سے اکتا گیا ہے۔ اور مصر کے ساتھ اتحاد رکھنا چاہتا ہے۔ چنانچہ پچھلے دنوں سوڈان کے گورنر جنرل نے ایک ایسا بیان جو سوڈان کے علیحدہ ہونے کے متعلق تھا دیا۔ تو سوڈانی عوام کو بہت ناگوار گزرا اور ادھر مصر کے وزیر اعظم اسمٰعیل صدقی پاشا بھی وزارت سے مستعفی ہو گئے۔

فی الحقیقت مصر کی تمام سیاسی جماعتیں اور سوڈان کے باشندوں کی عظیم اکثریت اس پر متفق ہے۔ کہ مصر و سوڈان کو کاملاً متحد رہنا چاہیئے۔ کیونکہ ان دونوں ملکوں کے درمیان زبان۔ مذہب۔ قومیت۔ اقتصاد۔ غرض ہر شعبہ حیات میں اشتراک و اتحاد ہے۔ کچھ عرصہ ہوا جب نقراشی پاشا نے سوڈان و مصر کے ناقابل تقسیم ہونے کے متعلق مصری پارلیمنٹ میں تقریر کی۔ تو ایوان کے دونوں طرف سے ان کو چیئرز دیئے گئے۔ اور اپوزیشن کے لیڈر مکرم عبید پاشا نے وزیر اعظم سے گرمجوشانہ مصافحہ کیا۔ اور انہیں مبارکباد دیکر کہا۔ کہ سوڈان کے مسئلہ میں ہم آپ کے حامی و موید ہیں۔ یہ بالکل غلط خیال ہے۔ کہ سوڈان کے لوگ علیحدگی چاہتے ہیں۔ یہ محض گمراہ کن پروپیگنڈا کا نتیجہ ہے۔ (خاکسار نذیر احمد [illegible])

رمضان المبارک میں افراط و تفریط

از جناب مولوی قمر الدین صاحب مولوی فاضل

قرآن کریم میں امت محمدیہ کو خیر امت قرار دیا گیا ہے۔ اور آیت وکذالک جعلنٰکم امۃ وسطاً لتکونوا شہداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شہیداً (بقرہ) میں اسے افراط و تفریط سے پاک جماعت بتایا گیا ہے۔ اس الٰہی ارشاد کے ماتحت امت کا فرض تھا۔ کہ اپنے آپ کو افراط و تفریط سے بچاتی۔ اور خدا تعالیٰ کے احکام میں ایسی صورت ایجاد نہ کرتی۔ جس میں افراط کی صورت ہوتی یا تفریط کی۔ مگر ایسا نہیں کیا گیا۔ اور جیسا کہ روایات میں آیا تھا کہ آخری زمانہ میں ایمان اور قرآن اٹھ جائے گا۔ یعنی قرآن کے مطابق عمل نہ ہوگا سو موجودہ زمانہ میں مسلمان قوم کا نقشہ ہمارے سامنے ہے اور آئے دن اخبارات میں قوم کے لیڈروں کی طرف سے ان کے خلاف رونا رویا ہوتا ہے۔

یہ رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ ہے۔ اور الٰہی ارشاد کے ماتحت اس کے روزے رکھنے نہایت ضروری ہیں۔ مگر قوم کا ایک بہت بڑا حصہ رمضان کے روزوں سے لاپروا اور غافل ہے۔ انہیں معلوم ہی نہیں کہ وہ ہر روز روزہ ترک کر کے اور خدا تعالیٰ کے حکم سے مونہہ موڑ کر سخت گناہ کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ اور اپنے خدا کو ناراض کر رہے ہیں۔ ہر بستی اور ہر شہر میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں۔ اس کے بالمقابل دوسرا گروہ ہے جو روزے تو رکھتا ہے۔ مگر ان کا روزے رکھنا اپنی مرضی کے تابع ہے۔ اور اس میں خدا کی مرضی کو مقدم نہیں کیا جاتا۔

مثلاً روزوں کے متعلق خدا کا حکم ہے فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ (بقرہ) کہ تم میں سے جو شخص رمضان کا مہینہ پائے۔ تو وہ اس کے روزے رکھے۔ اور اس کے ساتھ ہی بیان فرمایا ومن کان مریضاً او علیٰ سفرٍ فعدۃ من ایام اخر (پ ۲ ع ۲۳) کہ جو تم میں سے بیمار یا مسافر ہو تو دوسرے دنوں میں یہ گنتی پوری کرے۔ اب باوجودیکہ روزوں کے بیان میں صریح الٰہی ارشاد ہے۔ کہ بیمار اور مسافر روزہ نہ رکھیں۔ مگر مذکورہ گروہ سفر کی صورت ہو یا حضر کی۔ ہر دو صورتوں میں روزہ رکھیں گے۔ اور روزہ نہ رکھنے والوں کے لئے اور بھی ابتلاء کے سامان پیدا کر دینگے۔ کیونکہ نہ رکھنے والے تو حضر میں بھی نہیں رکھتے۔ چہ جائیکہ وہ سفر میں روزہ رکھیں۔ اور یہ گروہ ہر حالت میں روزہ رکھنا نیکی خیال کرتا ہے۔ گویا پہلے گروہ پر تو ہر وقت سفر کی حالت طاری رہتی ہے۔ اس لئے وہ کبھی روزہ نہیں رکھتا۔ اور دوسرے گروہ پر خواہ وہ سفر پر بھی ہو ہمیشہ حضر کی حالت رہتی ہے۔ اس لئے وہ کبھی روزہ ترک نہیں کرتا۔ اس طرح مسلم کہلاتے ہوئے ہر فریق افراط اور تفریط کی راہ اختیار کئے ہوئے ہے۔ حالانکہ مسلمان قوم کو اللہ تعالیٰ نے افراط اور تفریط سے پاک رہنے والی جماعت بنایا تھا۔

حقیقت یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کسی پر ظلم نہیں چاہتا۔ اور نہ وہ کسی کو دکھ کی حالت میں دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ اس نے قرآن پاک میں لایکلف اللہ نفساً الا وسعہا فرما کر بہت سے عقدوں کو حل کر دیا۔ اور روزوں کے بیان میں فرما دیا۔ کہ مریض اور مسافر ہونے کی حالت میں چھوڑ دو اور دوسرے دنوں میں رکھ لو اور فرمایا کہ یہ حکم ہم نے اس لئے دیا ہے۔ تاکہ تم سمجھو۔ یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر۔ (بقرہ) کہ خدا تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے۔ اور تمہیں تنگی میں ڈالنا نہیں چاہتا مگر باوجود ایسی صراحت کے علماء سو کے غلط راستہ پر ڈالنے کی وجہ سے اب وہ اس فعل سے نہیں رکتے۔ اور خدا تو مریض اور مسافر کو روزہ کی رخصت دیتا ہے۔ مگر وہ قبول نہیں کرتے۔ اس بارہ میں حضرت جابرؓ کی ایک روایت ہے وہ فرماتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک سفر پر تھے۔ کہ آپ نے لوگوں کا اجتماع دیکھا۔ اور ایک شخص کو دیکھا۔ کہ اس پر سایہ کیا گیا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ کیا بات ہے۔ صحابہ نے عرض کیا کہ روزہ دار ہے۔ فقال لیس من البر الصوم فی السفر کہ سفر میں روزہ رکھنا نیکی میں داخل نہیں۔

(مشکوٰۃ باب الصوم المسافر صفحہ ۱۶۹)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام جو حکم و عدل کی حیثیت سے مبعوث ہوئے سفر میں روزہ رکھنے کے متعلق فرماتے ہیں:-

"سفر میں تکالیف اٹھا کر جو انسان روزہ رکھتا ہے۔ تو گویا اپنے زور بازو سے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا چاہتا ہے۔ اس کی اطاعت امر سے خوش نہیں کرنا چاہتا۔ یہ غلطی ہے اللہ تعالیٰ کی اطاعت امر اور نہی میں سچا ایمان ہے۔"

(الحکم ۲۶ جنوری ۱۸۹۹ء)

ایک دوسری جگہ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں:-

اس اندھیرے میں چراغِ راہ نما اسلام ہے

ڈھا رہا ہے ظلم کیا انسان آج انسان پر
کر رہا ہے دشمنی کا بھوت راج انسان پر

ہر طرف پھیلا ہوا ہے آگ کے شعلوں کا جال
جانداروں کے لئے ہے سانس بھی لینا محال

دوسروں کا نام دُنیا سے مٹانے کے لئے
آدمی کو آدمی اٹھا ہے کھانے کے لئے

عقل نے کیا جانئے کیا ان کے سر میں بھر دیا
سب سے جو بنتے تھے دانا ان کو پاگل کر دیا

مہربانی کے دیئے سے ہو گیا ہے ختم تیل
بڑھ رہی ہے برق کی تیزی سے سفاکی کی بیل

آگ جو بھڑکا رہا ہے آجکل آپس کا بَیر
بجھ نہیں سکتی کبھی الہام کے پانی بغیر

جو وبا پھیلی ہے اب اس کی دوا اسلام ہے
اس اندھیرے میں چراغِ راہ نما اسلام ہے

(۲) کیونکہ نجات فضل سے ہے نہ کہ اپنے اعمال کا زور دکھا کر کوئی نجات حاصل کر سکتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ مرض تھوڑی ہو یا بہت اور سفر چھوٹا ہو یا لمبا بلکہ حکم عام ہے اور اس پر عمل کرنا چاہئے۔ مریض اور مسافر اگر روزہ رکھیں گے۔ تو ان پر حکم عدولی کا فتویٰ لازم آئے گا۔

(بدر ۱۷ اکتوبر ۱۹۰۷ء)

بعض لوگ ریل گاڑی۔ لاری اور گاڑی وغیرہ کے سفر کو سفر سمجھتے ہی نہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ کیا سفر ہے ایسے احباب کو سمجھنا چاہئیے کہ خدا کی شریعت صرف زید اور بکر کے لئے ہی نہیں۔ جو سفر کے باوجود تکلیف محسوس نہ کریں۔ بلکہ ہر قسم اور طبقہ کے لوگوں کے لئے ہے۔ کوئی کیمپ میں سے وہ بھی ہیں جو سفر اور مشقت کر کے بھی تکلیف محسوس نہیں کرتے۔ اور کچھ وہ بھی ہیں جو امیر کبیر ہیں اور مشقت کے بالکل عادی نہیں۔ ان کی حالت یہ ہے کہ اپنے پلنگ سے نیچے اترنا بھی ان کے لئے جہاد سے کم نہیں۔ اللہ تعالیٰ جو اپنے بندوں کا محرم راز ہے اور سب کی مشکلات کو سمجھتا ہے۔ اس نے سب لوگوں کے حالات کو ملحوظ رکھ کر مریض اور مسافر کو روزہ کی رخصت دے دی۔ تاکہ مشقت میں نہ پڑیں۔ اور فرما دیا کہ دوسرے دنوں میں روزہ رکھ لیا جائے اور ہمیں چاہئے کہ خدا کی رخصت سے فائدہ اٹھائیں۔ اور اس کی خلاف ورزی کر کے اپنے آپ کو مصیبت میں نہ ڈالیں۔ اور یقین جانیں کہ نجات خدا کے فضل سے ملے گی۔

درخواستہائے دعاء

عبد الغفور صاحب کوٹلی لوہاراں اور ان کا چھوٹا بھائی بیمار ہے۔ سید صادق حسین صاحب مختار اٹاوہ مالی مشکلات میں مبتلا ہیں۔ سید رضا حسین صاحب ابن شیخ بشیر احمد صاحب سرملی ضلع گجرات کے بعض اقرباء بیمار ہیں۔ ان سب کے لئے درخواست دعا ہے۔

اسلام اور احمدیت کے اصولوں کی شاندار فتح

حکومت وقت کی اطاعت کی ضرورت کا احساس

از خورشید احمد

اسلام کا ایک پر حکمت اصول

اسلام کے جن پر حکمت اور عدیم النظیر اصولوں کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے دوبارہ زندہ کیا۔ اور انہیں دنیا سے روشناس کرایا۔ ان میں سے ایک اصل یہ ہے۔ کہ جس حکومت کے ماتحت رہا جائے۔ اگر وہ مذہب کو جبراً دبانے کی کوشش نہ کرے تو اس کا وفادار رہا جائے۔ اور اس کے جملہ قوانین کی اطاعت کی جائے۔

اس اصل کو پیش کرنے کی وجہ سے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور جماعت احمدیہ کو ہزاروں طعن و تشنیع کا نشانہ بنایا گیا۔ ٹوڈی اور خوشامدی نام رکھا گیا۔ بزدل اور ڈرپوک کہا گیا۔ اسے حریت پسندی اور آزاد خیالی کے منافی اور غلامانہ ذہنیت کا نتیجہ قرار دیا گیا۔ غرض بہت کچھ کہا گیا۔ لیکن جماعت احمدیہ مضبوطی کے ساتھ اس اصل پر قائم رہی۔ حتیٰ کہ جب ہندوستان میں آزادی کی جدوجہد زوروں پر تھی۔ جب انگریزوں سے نفرت کرنا۔ اور انگریزی حکومت کے قوانین کی اطاعت کرنا ملک کے قریباً تمام مذہبی اور سیاسی حلقوں میں سب سے بڑا جرم سمجھا جاتا تھا۔ اس وقت بھی جماعت احمدیہ کے پائے استقلال کو ذرہ برابر جنبش نہ ہوئی۔ مخالفت اور عداوت کی شدید آندھیوں کے درمیان بھی وہ ایک عظیم الشان چٹان کی طرح اس اصل پر قائم رہی۔

اطاعت حکومت کی ضرورت کا احساس

اللہ تعالیٰ کی عجیب قدرت ہے کہ اب ایک قلیل عرصہ میں ہندوستان میں ایسے حالات پیدا ہو گئے ہیں۔ جن کی وجہ سے ملک کے قریباً ہر طبقہ میں اسلام کے اس زریں اصل کو تسلیم کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کا احساس پیدا ہو گیا ہے جیسا کہ جب سے ہندوستان کو دو حکومتوں میں تقسیم کر دینے کا برطانوی اعلان منظر عام پر آیا ہے۔ ہندو اور مسلم دونوں قوموں کے فہمیدہ اور دور اندیش طبقہ میں یہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ حکومت کے ساتھ شدید اختلافات کے باوجود اس کی وفاداری اور اطاعت کرنا ضروری ہے کیونکہ صرف اسی سے امن قائم رہ سکتا ہے۔

کون نہیں جانتا کہ کانگرس اور مسلم لیگ یا بالفاظ دیگر ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان شدید مذہبی سیاسی اور تمدنی اختلاف موجود ہیں۔ اور یہ اختلاف اتنی شدت اختیار کر چکے ہیں کہ دونوں قوموں کے لئے اکٹھے رہنا ناممکن ہو گیا ہے۔ اسی بنا پر انہیں علیحدہ کر کے ہندوستان اور پاکستان میں منقسم کر دیا گیا ہے۔ لیکن اتنی شدید نوعیت کے اختلافات کے باوجود آج ہمیں یہ حیرت انگیز نظارہ نظر آ رہا ہے کہ مسلمان ہندوستان کی ہندو حکومت کے ساتھ وفاداری اور اطاعت کا اعلان کر رہے ہیں۔ اور بعض ہندو بھی پاکستان کی اسلامی سلطنت کے وفادار شہری بننے اور اس کی اطاعت کرنے کا ارادہ ظاہر کر رہے ہیں۔ چنانچہ حال ہی میں پاکستان کے گورنر جنرل مسٹر محمد علی جناح نے ایک پریس کانفرنس میں نہایت واضح اور غیر مبہم الفاظ میں یہ کہا ہے کہ دونوں حکومتوں کی اقلیتوں کو اپنی اپنی حکومتوں کا وفادار رہنا چاہیئے۔ اسی طرح ہندوستان دستور ساز اسمبلی کی مسلم لیگ پارٹی کے لیڈر چوہدری خلیق الزمان نے انڈیا کے قومی جھنڈے کے متعلق تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں کی طرف سے یہ یقین دلایا ہے کہ "انڈیا کا ہر مسلمان اس جھنڈے کی عزت کرے گا۔ اور اسے لہرانے میں فخر محسوس کرے گا۔ اس جھنڈے کی عظمت کو برقرار رکھنا اور اس کی عزت کرنا انڈین یونین کے ہر وفادار شہری کا فرض ہے" (ریونیو ۲۳ جولائی ۱۹۴۷ء)

اس کے بالمقابل پاکستان کے بعض ہندوؤں کی طرف سے بھی پاکستان کا وفادار شہری بننے کی خواہش کا اظہار کیا جا رہا ہے گو کانگرس کے ذمہ دار لیڈروں نے مسلمانوں کی طرح ابھی تک واضح الفاظ میں اپنی پالیسی کا اظہار نہیں کیا۔ تاہم پاکستان کے ہندوؤں کے عام طبقہ میں پاکستان کا وفادار شہری بننے کا احساس کم و بیش موجود ہے۔ چنانچہ اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ کراچی ڈسٹرکٹ کانگرس کمیٹی اس مضمون کی قرارداد پر غور کر رہی ہے۔ کہ اب کانگرس کا جھنڈا نہ لہرایا جائے۔ اور نہ آل انڈیا کانگرس سے تعلق رکھا جائے۔ کیونکہ یہ پاکستان سے غداری کے مترادف ہے۔

قارئین ملاحظہ فرمائیں۔ کجا تو وہ زمانہ تھا کہ حکومت وقت کی اطاعت کو خوشامد۔ چاپلوسی۔ بزدلی۔ اور دقیانوسیت سب سے بڑا جرم سمجھا جاتا تھا۔ اور اس جرم کی پاداش میں جماعت احمدیہ کو گشتنی اور گردن زدنی قرار دیا جاتا تھا۔ اور کجا آج یہ کیفیت ہے کہ علی الاعلان اس حکومت کے ساتھ وفاداری اور اطاعت شعاری کے ارادے ظاہر کئے جا رہے ہیں جس کے ساتھ شدید نوعیت کے سیاسی۔ مذہبی اور تمدنی اختلافات موجود ہیں۔ کیا یہ کیفیت اس امر کی ناقابل تردید ثبوت نہیں ہے کہ حکومت وقت کی اطاعت کیلئے اسلام نے جو اصل پیش فرمایا تھا۔ اور جسے اس زمانہ میں جماعت احمدیہ نے پیش کیا ہے وہ سراسر حکمت اور دور اندیشی پر مبنی ہے۔ اور فطرت کے تقاضوں کو پورا کرنے والا ہے اور جو لوگ کل تک اس کی مخالفت کر رہے تھے۔ دراصل وہ فطرت کے ایک تقاضے سے بغاوت کرنا چاہتے تھے۔ جس میں وہ بری طرح ناکام ثابت ہو گئے۔

حکومت کی اطاعت اور وطنیت

ممکن ہے دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ انگریزوں کی حکومت تو غیر ملکی تھی۔ اس لئے اس کی مخالفت ضروری تھی۔ اور اب جو حکومتیں قائم ہونے والی ہیں وہ بہر حال ملکی حکومتیں ہوں گی۔ اس لئے ان کی اطاعت میں کوئی حرج نہیں لیکن یہ خیال درست نہیں ہے۔ کیونکہ

اگر غور کیا جائے۔ تو مسلمانوں کے جس دعویٰ کی بنا پر ملک تقسیم کیا گیا ہے۔ اس کی تو بنیاد ہی اس چیز پر تھی۔ کہ چونکہ مسلمانوں کا تمدن۔ ان کا کلچر۔ ان کا مذہب۔ ان کی زبان غرض ان کی ہر چیز ہندوؤں سے جدا ہے اور وہ ہر حیثیت سے ہندوؤں سے علیحدہ قوم ہیں۔ اس لئے محض وطنیت کی بنا پر وہ ہندوؤں کے ساتھ مل کر نہیں رہ سکتے۔ کیونکہ جب ہر چیز الگ ہے۔ تو وطنیت کی کچھ بھی حقیقت نہیں رہتی۔ پس جب تقسیم کے وقت وطنیت کے سوال کو بے حقیقت سمجھ کر کوئی وقعت نہ دی گئی۔ تو آج جملہ اختلافات کے باوجود محض وطنیت حکومت کی وفاداری اور اطاعت شعاری کی بنیاد کس طرح بن سکتی ہے؟

حقیقت یہ ہے کہ اگر محض وطنیت حکومت کی اطاعت کی بنیاد بن سکتی تو ملک میں کبھی بھی اس قدر شدید اختلافات نمودار نہ ہوتے۔ آج اگر مسلمان انڈیا گورنمنٹ سے اور غیر مسلم حکومت پاکستان سے وفاشعاری کا عہد باندھنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ تو اس کی بڑی وجہ وطنیت نہیں ہے۔ بلکہ صرف یہ ہے۔ کہ دونوں حکومتوں کی اقلیتیں خوب جانتی ہیں۔ کہ اگر ہم نے حکومت سے وفاداری نہ کی تو پڑوس کی ہماری اپنی حکومت میں بسنے والی اقلیتیں بھی چین سے نہ بیٹھیں گی اور اس طرح دونوں حکومتوں کے لئے اقلیتوں کی غداری کی وجہ سے مصیبتوں کا لامتناہی سلسلہ شروع ہو جائیگا۔ یہی وہ خیال ہے۔ جو دونوں حکومتوں کی اقلیتوں کو حکومت کی وفاداری کی راہ اختیار کرنے پر آمادہ کر رہا ہے۔ اور یہی وہ خیال ہے جسے اگر انسان وسیع النظری کے ساتھ اختیار کرے۔ اور بجائے صرف اپنے قومی مفاد کے تمام بنی نوع انسان کے مفاد کو پیش نظر رکھے۔ تو وہ ہر حکومت کی اطاعت کو اپنا شعار بنانے پر آمادہ ہو سکتا ہے۔ اور اس طرح عالمگیر امن کی بنیادیں قائم ہو سکتی ہیں۔

پس پاکستان اور انڈیا کی اقلیتوں کی طرف سے اپنی اپنی حکومت سے وفاداری کا عہد کرنا اسلام اور احمدیت کے اصول کی عظیم الشان فتح ہے اور اس امر کا بیّن ناقابل تردید ثبوت ہے کہ اسلام اور احمدیت کی تعلیم ہی ہے۔ جو بالآخر دنیا میں مستقل دیرپا اور حقیقی امن کی ضامن ہو سکتی ہے۔

سلطان آف انجبار کے خاندان کو پیغام احمدیت

رپورٹ احمدیہ دارالتبلیغ مشرقی افریقہ ماہ جون ۱۹۴۷ء

(از مکرم جناب شیخ مبارک احمد صاحب رئیس التبلیغ مشرقی افریقہ)

نئے مبلغین کی تعلیم و تربیت

عرصہ زیر رپورٹ کے پہلے تین ہفتوں تک نئے مبلغین ٹبورا ہی میں رہے۔ اس عرصہ میں باقاعدہ کلاس کی صورت میں خاکسار سواحیلی زبان کی تعلیم دیتا رہا۔ علاوہ سواحیلی درسی کتب وغیرہ پڑھانے کے گاہے گاہے انہیں مختلف مضامین پر سواحیلی زبان میں تقریر کرنے کی مشق بھی کرائی جاتی رہی۔ تیسرے ہفتہ ان کا سواحیلی زبان میں روانگی سے قبل ایک اور امتحان لیا گیا۔ یہ امر موجب مسرت ہے کہ تین ماہ کے مختصر سے عرصہ میں مبلغین نے سواحیلی زبان بولنے اور لکھنے میں بفضل خدا کافی ترقی کی ہے۔ الحمد للہ امید ہے اس بنیاد پر آئندہ شاندار عمارت تیار ہو سکے گی۔

اسی عرصہ میں مبلغین کو اردگرد کے رومن کیتھولک مشنز کی جد و جہد دکھانے کے لئے بھی اپنے ہمراہ لے گیا۔ اور مشرقی افریقہ کی اقوام۔ مذاہب اور ان کے باہمی تعلقات وغیرہ امور کے متعلق مختلف اوقات میں خاکسار نے مبلغین کرام کے سامنے لیکچر دیئے۔ اسی طرح "مشرقی افریقہ کی عام بیماریاں اور ان کی احتیاط اور علاج" پر مختلف ڈاکٹروں سے لیکچر دلوائے۔ اس کے علاوہ نئے مبلغین مطالعہ اور دیگر ضروری امور کے متعلق واقفیت حاصل کرتے رہے۔

۲۲ جون برادرم مکرم مولوی فضل الٰہی صاحب بشیر اور مکرم مولوی عنایت اللہ صاحب خلیل نیروبی اور برادرم مکرم سید ولی اللہ شاہ صاحب کسموں کے لئے روانہ ہوئے۔ ہر سہ احباب اپنے علاقوں میں پہنچ کر وہاں کے مبلغین کے ساتھ اپنے حلقہ خاص کے متعلق معلومات حاصل کر رہے ہیں۔ برادرم مولوی نور الحق صاحب انور کو یوگنڈا میں مقرر کیا گیا ہے۔ مکرم مولوی جلال الدین صاحب قمر اور جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب کو ٹانگانیکا کے واسطے مقرر کیا ہے۔ اور اس وقت یہ ہر دو دوست ٹبورا میں ہیں۔

نشر و اشاعت

عرصہ زیر رپورٹ میں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تقریر Why I believe in Islam. کا سواحیلی میں ترجمہ بصورت پمفلٹ نیروبی سے پانچ ہزار کی تعداد میں شائع کیا گیا۔ اس سے قبل کینیا کے ایک علاقہ کی دو زبانوں میں سات ہزار کی تعداد میں "فضائل اسلام" اور "کیا عیسائیت دین حق ہے۔" شائع کئے جا چکے ہیں۔ اخبار "ایسٹ افریکن ٹائمز" انگریزی آمدہ از لاہور کے تین درجن پرچے بذریعہ ڈاک مختلف معززین کو بھجوائے گئے۔

جماجہ (ملایا) میں تبلیغی جہاد

بائیس ۲۲ کس نئے احمدیت سے مشرف ہوئے

مولوی غلام حسین صاحب ایاز اپنی رپورٹ مورخہ ۱۴ جون تا ۵ جولائی ۱۹۴۷ء میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ ۱۴ جون کو میں اور میرا امیر یحییٰ jamajah تبلیغ کے لئے بذریعہ بحری جہاز سنگاپور سے روانہ ہوئے ۱۵ جون کو صبح ۹ بجے ہم منزل مقصود پر پہنچے۔ اور امیر یحییٰ صاحب کے مکان پر ٹھہرے۔ ایک ہفتہ یہاں رہ کر بہت سے لوگوں کو بلا بلا کر تبلیغ کی۔ ان میں سے محمد حبیب صاحب۔ حاجی داؤد صاحب نمبردار۔ سر حسین صاحب عربک ٹیچر۔ محمد امین صاحب نمبردار وغیرہم قابل ذکر ہیں۔ امیر یحییٰ صاحب کے اس گاؤں کا نام لتونگ (Lutung) ہے۔ اس کے بعد ہم کوالا مارسی گاؤں میں گئے۔ جو لتونگ سے ۱۶ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اور پیدل راستہ ہے۔ یہ گاؤں ہمارے احمدی دوست امیر یحییٰ کا اصلی گاؤں ہے۔ اور اس کی موجودہ آبادی صرف تین سو کی ہے۔ جب ہم وہاں پہنچے اور مغرب کی نماز سے فارغ ہی ہوئے تھے۔ کہ ایک معمر بوڑھا آدمی ہمارے پاس آیا۔ اور اس نے کہا مجھے آج سے قریباً تیس سال قبل ایک آواز آئی یا نبیّ المہدی اور مجھے خواب میں حکم ہوا۔ کہ تم اس کی تلاش کرو۔ پھر کہا کہ اس خواب کے متعلق میں نے کئی علماء اور واقفکاروں سے دریافت کیا۔ مگر آج تک مجھے کسی نے بھی تسلی بخش جواب نہیں دیا۔ جب اس نے بات ختم کر لی۔ تو اسے سمجھایا گیا۔ کہ یہ نبی اللہ عیسیٰ المہدی کی خبر تھی۔ جو اللہ کی طرف سے آپ کو دی گئی۔ وہ آ چکے ہیں۔ آخر انہوں نے خوشی سے کہا۔ کہ پھر میں مہدی معہود پر ایمان لایا

اس سے دوسرے دن مغرب کے بعد مسجد میں ایک عام پبلک جلسہ ہوا۔ جس میں الہام کی ضرورت اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سچائی کو واضح کیا گیا۔ بعد میں سوال و جواب بھی ہوئے۔ اور بفضلہ تعالیٰ ۹ کس نے فارم بیعت پر کر کے احمدی ہونے کا شرف حاصل کیا۔ یہ صرف مردوں کے بیعت فارم ہیں۔ عورتوں کے بعد میں پُر کرائے جائیں گے۔

اس کے بعد ہم پھر لتونگ میں آئے۔ اور ایک ہفتہ اور یہاں ٹھہرے۔ یہاں پر تیرہ کس نے بیعت کی۔ ان کے علاوہ اور کئی لوگ احمدیت کے قریب آ چکے ہیں۔ الحمد للہ۔

(وکیل التبشیر)

درخواست دعا

نائیجیریا مغربی افریقہ۔ جناب حکیم فضل الرحمن صاحب مبلغ انچارج رمضان المبارک کے ایام میں مقدمہ میں کامیابی کے لئے درخواست دعا کرتے ہیں۔ جو کئی سال سے مخالفین احمدیت کی طرف سے چل رہا ہے۔

علاوہ ازیں کتاب سواحیلی "اسلام اور غلامی" دوصد کے قریب فروخت کی گئی - حضرت اقدس ایدہ اللہ کا "پیغام انگلستان و ہندوستان کے نام" کے کچھ پرچے پڑے تھے - بعض حالات کی وجہ سے موجودہ وقت کو مناسب خیال کرتے ہوئے بڑے بڑے انگریز افسروں میں انہیں تقسیم کیا گیا - اس عرصہ میں دار السلام کے ایک اخبار "ٹانگانیکا ہیرلڈ" نے انگریزی اور گجراتی زبان میں اپنے روزنامچہ اور ہفتہ وار ایڈیشن میں خاکسار کی ان تقریروں کو جو گذشتہ دنوں انڈین چیمبر آف کامرس میں کی گئیں تھیں - شائع کیا - یہ تقریریں ہندوستانیوں کو باہمی اتفاق سے غیر ملک میں مشترکہ امور کے متعلق کام کرنے کی تلقین - ہندوستانی اور افریقن ویلفیر اور ایمگریشن اور کنٹرولوں کے سلسلہ میں تھیں :-

۳ - تحریری کام

عرصہ زیر رپورٹ میں خاکسار نے ترجمہ کے سواحیلی ترجمہ کے مسودہ کی نظر ثانی کی اور بغرض طباعت پریس میں بھجوا دیا گیا - اسی طرح خاکسار نے چند سال ہوئے اسلامی تاریخ سے چودہ کہانیاں مرتب کی تھیں - انہیں اب باقاعدہ "چودہ دلچسپ کہانیوں کے مجموعہ" کے عنوان سے سواحیلی زبان میں چھپوانے کی غرض سے ٹائپ کر دیا اور نظر ثانی کی گئی - یہ کہانیاں عمدہ اخلاقی اسباق پر مشتمل ہیں - اور ان سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے خلفاء اور اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپ کے صحابہ کا نیک نمونہ بھی پڑھنے والوں کے سامنے آتا ہے - علاوہ ازیں خاکسار نے رسالہ سواحیلی بابت ماہ جون و جولائی کے مضامین لکھے اور بغرض طباعت روانہ کئے گئے -

برادرم مولوی جلال الدین صاحب قمر نے ایک مضمون برائے الفضل لکھا اور "ہندرہ روزہ اخبار احمدیہ" کا پرچہ مرتب کیا -

۴ - بٹورا میں تبلیغی جدوجہد

برادرم مکرم حکیم محمد ابراہیم صاحب اور مکرم مولوی جلال الدین صاحب

اس عرصہ میں ہر اتوار کو انڈین و افریقن جلوں میں ہندوستانیوں - عربوں اور افریقن لوگوں کو تبلیغ کرتے رہے - اس دوران میں قیدیوں نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دعویٰ کے متعلق سننے کی خواہش کی جس پر مولوی جلال الدین صاحب قمر نے حضور کی بعثت - دعویٰ اور آپ کی صداقت کے دلائل سے انہیں آگاہ کیا - متعدد افراد کو فرداً فرداً بھی تبلیغ کی گئی - ایک افریقن ٹیچر سے الوہیت مسیح اور تحریف بائیبل پر گفتگو کی - ایک ہندو دوست سے حقیقت مذہب پر بات چیت ہوئی - سواحیلی انگریزی اور اردو کتب اسلام و سوانح حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مختلف غیر احمدی و غیر مسلم احباب کو بغرض مطالعہ دی گئیں - باقاعدگی سے ہفتہ وار درس قرآن ہندوستانی عورتوں میں اور قرآن مجید کا درس افریقن میں مولوی جلال الدین صاحب قمر دیتے رہے - حفاظت مرکز کے سلسلہ میں خواتین میں بھی تحریک کی گئی اور سب خواتین نے اس مد میں چندہ لکھوایا بعض نے نقد ادا کر دیا - مکرم حکیم محمد ابراہیم صاحب علاوہ تبلیغی کام کے باقاعدہ ہندوستانی بچوں کو اردو - قاعدہ یسرنا القرآن قرآن مجید اور نماز کے اسباق پڑھاتے رہے - اور حدیث ترمذی کا درس افریقن میں دیتے رہے - ماہ زیر رپورٹ میں ایک سو بیماروں کو دیکھا اور ان کا علاج بھی کیا - مورخہ ۲۹ رجون کو بٹورا میں سیرۃ النبی کا جلسہ منعقد کیا گیا - اس سلسلہ میں مبلغین بٹورا نے مختلف ہندوؤں اور سکھوں کو مل کر اس جلسہ کے مقاصد اور فوائد سے آگاہ کیا ایک سکھ دوست کو گورمکھی لٹریچر بھی مطالعہ کے لئے دی - بٹورا کی مختلف انجمنوں کو بذریعہ خط دعوت دی گئی - بازاروں میں بورڈوں پر اعلان کیا گیا تھا پھر ایک عمر کو بزبان انگریزی و گجراتی تمام باشندوں کو اخبار ہر ایک کے پاس بھجوا دیا گیا - اس جلسہ میں جو شہر کے سینما ہال میں ہوا صدر پادری شاہ مولوی جلال الدین صاحب قمر - حکیم محمد ابراہیم صاحب اور عرب دوست محمد لیسین صاحب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے حالات بیان کئے - اور بخیر و خوبی یہ جلسہ ختم ہوا - اس دوران میں زنجبار کے دو معزز عرب جو سلطان آف زنجبار کے رشتہ داروں میں سے تھے - بٹورا آئے دعوت چائے کا انتظام کیا گیا - اور ان عرب دوستوں کو کافی عرصہ تک تبلیغ کی گئی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور پیغام احمدیت سے انہیں آگاہ کیا اور جماعت کی حیثیت سے واقف کیا جسے سن کر یہ دوست بے حد خوش ہوئے - اور بار بار دینا لٹریچر بھجوانے کے لئے کہا - کشتی نوح بزبان سواحیلی انہوں نے خریدی اور نماز مغرب ہماری مسجد میں ادا کی - اور مسجد کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے :-

قائدین مجالس ——— سات سالہ پروگرام

سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سالانہ اجتماع ۱۳۲۴ھش پر تقریر فرماتے ہوئے ہمارے آئندہ سات سالہ دور کے لئے ایک پروگرام ہمارے سپرد فرمایا تھا - تقریر کے اختتام پر حضور نے فرمایا تھا کہ

"آج میں نے اتنا وسیع پروگرام آپ لوگوں کو بتا دیا ہے - کہ اگر آپ اس کے مطابق کام کریں - تو دو تین سال میں جماعت کی کایا پلٹ جائے گی - اور جماعت اپنے پہلے مقام سے بہت بلند مقام پر پہنچ جائے گی - اور دشمن تسلیم کریں گے - کہ اس جماعت کا مقابلہ ناممکن ہے دشمن جب بھی جماعت کی طرف نظر اٹھا کر دیکھیگا - اس کی نظریں خیرہ ہو جائینگی "-

اس تقریر میں حضور نے مختلف کام کرنے کی طرف توجہ دلائی تھی - یہ تقریر ایک ٹریکٹ کی صورت میں علیحدہ شائع کر کے مجالس کو بھجوائی جا چکی ہے - جملہ مجالس اس سلسلہ میں اپنی رپورٹ ۱۵ تبوک ۱۳۲۶ھش تک مرتب کر کے اس کی ایک نقل مرکز میں بھجوا دیں - رپورٹ مختصر مگر جامع ہو - اور ان ہدایات کے ماتحت ہو جو "سات سالہ پروگرام" میں بتائی گئی ہیں - اگر کسی مجلس کے پاس یہ تقریر نہ ہو تو وہ مرکز سے منگوا سکتا ہے نیز الفضل مورخہ ۱۸ - ۱۹ - اور ۲۱ صلح ۲۵ھش میں شائع ہو چکی ہے -

رپورٹ معین اعداد و شمار کی صورت میں ہونی چاہیئے - اس کی ایک نقل اجتماع میں شامل ہونے والی مجالس کے نمائندے ہمراہ لائیں - حضور کا ارشاد ہے کہ

"اور یہ قانون بنا دیا جائے - کہ ہر جماعت یہاں اجتماع کے موقعہ پر اپنی رپورٹ پڑھ کر سنائے تاکہ تمہیں معلوم ہو سکے - کہ تمہارا قدم ترقی کی طرف جا رہا ہے یا تنزل کی طرف " (سات سالہ پروگرام ۲۹) مجالس کے نمائندے اس سال یہ رپورٹ اجتماع کے موقعہ پر سنائیں گے - پس اس کے لئے پوری تیاری کرنی ضروری ہے :-

(معتمد خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

تبدیلی پتہ اور تحریک جدید کا چندہ

بہت اکثر حصہ ملازمین کا تبدیل ہو کر پاکستان میں آ رہا ہے - اور پاکستان میں کوئی کسی جگہ کوئی کسی جگہ مقرر ہو رہے ہیں - ایسے احباب اپنے تحریک جدید کے وعدہ کی رقم بھی ۹ ماہ رمضان المبارک سے قبل ادا کر رہے ہیں - چاہیئے کہ اس حالت میں وکیل المال تحریک جدید کو اطلاع فرمائیں - کہ ہم نے فلاں جگہ سے تحریک جدید کا وعدہ کیا تھا - اور یہ اب فلاں جگہ سے رسید کی اور تیگی کی جا رہی ہے - تا اس کا اندراج صحیح ہو کر ان کا نام دعا کے لئے پیش ہو سکے نیز وہ جماعتیں جن کو روپیہ ایسے وقت وصول ہو - جب کہ وہ مرکز میں وقت پر نہ پہنچا سکتے ہوں - تو وہ اپنی جماعت کی فہرست بنا کر ارسال کر دیں - تا ان کے نام دفتر حضور میں دعا کے لئے پیش کر دئے جائیں -

(وکیل المال تحریک جدید)

ترسیل زر اور انتظامی امور کے متعلق مینیجر الفضل کو مخاطب کریں -

تحریک جدید کی پانچ ہزاری فوج

دفتر اول کے تیرھویں اور دفتر دوم کے سال سوم کے وعدے ۳۱ مئی تک پورا کرنے والوں کی فہرست

دفتر اول کا تیرھواں سال

اس فہرست میں وہ نام بھی ہیں۔ جنہوں نے جون کے پہلے ہفتہ میں بذریعہ منی آرڈر یا بیمہ یا چیک وعدہ پورا کیا۔ چیک خواہ جون کے آخر میں ادا ہوا ہو۔ اس فہرست میں ایسے نام آگئے ہیں۔ کیونکہ حضرت کے حضور دعا کے لئے اس وقت پیش کر دیئے گئے تھے۔ بلکہ ان کے نام بھی پیش کئے گئے تھے۔ جنہوں نے رقم مقامی جماعت میں ادا کی۔ اور مقامی جماعت نے عام قاعدہ کے مطابق مرکز میں ارسال کی ہے۔ چونکہ وہ نام بھی دعا کے لئے پیش کئے گئے تھے۔ وہ نام بھی اس فہرست میں شائع ہو رہے ہیں۔

اہلیہ صاحبہ عبد الجید صاحب دفتر محاسب -/۱۳
امۃ اللہ صاحبہ اہلیہ چوہدری عبد الرحمن صاحب
انچارج دار العلوم -/۲۵
چوہدری عبد الرحمن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی
ہائی سکول -/۳۰
〃 سیدانی اللہ محمد صاحبہ نانی صاحبہ 〃 〃 -/۱۲
〃 اہلیہ صاحبہ کلاں 〃 〃 -/۶
استانی سکینہ بیگم صاحبہ اہلیہ 〃 〃 -/۱۲
مولوی خلیل الرحمن صاحب ہائی سکول -/۶
استانی سردار بیگم صاحبہ نصرت گرلز ۲۵/۲
چوہدری غلام مرتضیٰ صاحب مجاہد لنڈن -/۹۰
〃 جناب خسر خان محمد صاحب 〃 -/۶
〃 〃 خوشدامن 〃 〃 -/۶
〃 〃 اہلیہ صاحبہ 〃 〃 -/۶
چوہدری نثار احمد صاحب ظفر دار الرحمت -/۵۱
مولوی محمد علی صاحب الراعی 〃 -/۲۵
〃 رمضان علی صاحب مبلغ ارجنٹائن -/۲۵

صوفی غلام محمد صاحب محلہ دار الرحمت -/۱۷
حوالدار کلرک جلال الدین صاحب ڈسکوی
دار العلوم -/۱۱۲
قریشی محمد نذیر صاحب ملتانی 〃 -/۲۱
مرزا برکت علی صاحب 〃 ۳۰/۸
بابو محمد بخش صاحب سگنیلر دار الفضل -/۲۴
شیخ چراغ دین صاحب 〃 -/۴۷
میاں ولایت حسین صاحب دوکاندار 〃 -/۱۸
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 〃 -/۶
ماسٹر عبد القیوم صاحب 〃 ۱۵/۱۲
قریشی محمد اکبر صاحب سیالکوٹی -/۲۰
خان بہادر غلام محمد صاحب دار البرکات ۸۷/۸
حکیم نیاز محمد صاحب معالج چشم 〃 -/۱۴
منشی امام الدین صاحب 〃 -/۱۱
محمد سعید صاحب انصاری سنگاپور -/۱۲
سید فضل شاہ صاحب دار البرکات ۵/۱۲
لالہ عطاء اللہ جان صاحب بھٹی
مسجد مبارک -/۲۰
صابرہ بی بی صاحبہ اہلیہ شیخ محمود صاحب
مسجد اقصیٰ ۶/۸
پیر عبد الحمید صاحب دار البرکات -/۳۰
حکیم غلام محمد صاحب مسجد فضل ۵/۹
منشی محمد ابراہیم صاحب ننگل باغباناں -/۶
مولوی دل محمد صاحب فاضل کھارہ -/۵۵
چوہدری رحمت خان صاحب گورداسپور -/۵۰
کیپٹن چوہدری غلام احمد صاحب ٹھاکوٹ -/۳۱
حاکم بی بی صاحبہ اہلیہ رحیم بخش صاحب
تلونڈی جھنگلاں ۵/۱۲
منشی عبد الغنی صاحب اوجلہ ۶/۴
چوہدری [illegible] محمد صاحب 〃 -/۲۵
مستری جان محمد صاحب دیال گڑھ ۵/۴

